ماہنامہ تحریک جدید ربوہ

جنوری ۱۹۶۶ء

حضرت امیرالمومنین خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ بنصرہ العزیز نے جلسہ سالانہ کے موقع پر اپنی ایک تقریر میں گیمبیا کے ایک احمدی دوست کی گورنر جنرل شپ کے لئے تقرری کی خوشکن خبر سنائی ۔ ساری فضا ''اللہ اکبر'' کے نعروں سے گونج اٹھی ۔

Digitized by Khilafat Library Rabwah

Hazrat Khalifatul Masih III addressing the Annual Gathering at Rabwah on the 21st of December, 1965. The audience was thrilled with joy to hear from him that a Gambian Ahmadi had been appointed as Ag. Governor General, Gambia.

ایڈیٹر

نسیم سیفی

(دائیں طرف سے تیسرے) الحاج ایف۔ ایم۔ سنگھاٹے صدر احمدیہ جماعت گیمبیا اپنے ملک کے ایکٹنگ گورنر جنرل مقرر ہوئے ہیں
اللہ تعالیٰ اس تقرری کو با برکت فرمائے آمین۔

Digitized by Khilafat Library Rabwah

The third from right is Alhaj F. M. Singhatey, the President of Ahmadiyya Community in Gambia who has been appointed Acting Governor General of Gambia. May God bless his appointment. Amen.

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

"میں تیری تبلیغ کو زمین کے کناروں تک پہنچاؤں گا"

(الہام حضرت مسیح موعودؑ)

اسلام کی روز افزوں ترقی کا آئینہ دار

ماہنامہ تحریک جدید ربوہ

جنوری ۱۹۶۶ء

ایڈیٹر
نسیم سیفی

سالانہ چندہ ۔ ڈیڑھ روپیہ فی پرچہ ۱۵ پیسے
جملہ خط و کتابت بنام مینیجنگ ایڈیٹر ہونی چاہئے

ترتیب

Digitized by Khilafat Library Rabwah

- نئے ولولے اور نیا جوش ۲
- تبلیغ اسلام ۴
- حضرت المصلح الموعود رضی اللہ عنہ کے وصال پر اکنافِ عالم سے تعزیتی پیغامات ۷
- اے حضرتِ ناصر ناصرِ دیں اللہ تیا نگہبان رہے (نظم) ۹
- "بادشاہ تیرے کپڑوں سے برکت ڈھونڈیں گے" ۱۱
- درِ حبیب پہ دنیا کشاں کشاں پہنچی (نظم) ۱۲
- اشتہارات ۱۳

پبلشر :۔ عبداللطیف

مطبع :۔ ضیاء الاسلام پریس ربوہ

مقامِ اشاعت :۔ دفتر ماہنامہ تحریک جدید ربوہ

زیر تحریک جدید انجمن احمدیہ پاکستان

Digitized by Khilafat Library Rabwah

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جلد ۲	ماہنامہ تحریکِ جدید ربوہ	شمارہ ۱

جنوری ۱۹۶۶ء

نئے ولولے اور نیا جوش

خلافتِ ثالثہ کا پہلا سالانہ جلسہ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے نہایت کامیابی اور شان و شوکت سے منعقد ہوا اور احبابِ جماعت کو اس رنگ میں اپنی رُوح کی تسکین کے سامان میسر آئے جس طرح حضرت اصلح الموعود رضی اللہ عنہ کے بابرکت زمانہ میں میسر آیا کرتے تھے۔ والہانہ محبت کا ایک بحرِ بیکراں تھا جو حضرت امیر المومنین خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے لئے دلوں میں موجزن تھا اور حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا ہر خطاب حضور کی جماعت سے محبت اور ہمدردی سے اس طرح بھرپور تھا کہ اس کی مثال کسی دنیاوی محبت میں دنیا کے کسی حصہ اور کسی رشتہ میں نہیں مل سکتی۔

یہ جلسہ اس لحاظ سے تو خاص طور پر برکات کا حامل تھا کہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کا الہام "بادشاہ تیرے کپڑوں سے برکت ڈھونڈیں گے"۔ ایک نئی اور بھرپور تجلی کے ساتھ جماعت کے سامنے آیا جس وقت حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اعلان فرمایا کہ گیمبیا (مغربی افریقہ) کی احمدیہ جماعت کے صدر صاحب ملک کے قائمقام گورنر جنرل مقرر کئے گئے ہیں تو حاضرین نے اللہ اکبر کے نعروں سے آسمانی فضا میں ایک ایسی روحانی کیفیت پیدا کر دی کہ یوں معلوم ہوتا تھا۔ آسمان سے برکات کی بارش نازل ہو رہی ہے۔ اکثر احباب کی زبان پر بے اختیار یہ الہام آگیا" بادشاہ تیرے کپڑوں سے برکت ڈھونڈیں گے"۔ ہم تحریکِ جدید" کی طرف سے گیمبیا کی جماعت کے صدر صاحب الحاج ایف ایم سنگھاٹے صاحب کو گورنر جنرل مقرر کئے جانے پر دلی مبارک باد پیش کرتے ہیں اور دعا کرتے ہیں

Digitized by Khilafat Library Rabwah

کہ اللہ تعالےٰ ان کے اس اعزاز کو ہر رنگ میں بابرکت فرمائے آمین

حضرت امیرالمومنین ایدہ اللہ تعالےٰ بنصرہ العزیز نے یوں تو اپنے جلسہ کے تیسرے روز کے خطاب میں سلسلہ کی مختلف انجمنوں کا ذکر فرمایا اور ان کی ضروریات کا ذکر بھی کیا۔ لیکن تحریکِ جدید کو یہ فخر حاصل ہے کہ حضور نے اپنے خطاب کا معتدبہ حصہ اس کی کامیابیوں اور اس کے آئندہ پروگرام کے لئے وقف فرما دیا۔ حضور نے کسی قدر تفصیل کے ساتھ بیان فرمایا کہ ہمارے مشن کس کامیابی کے ساتھ کام کر رہے ہیں۔ لٹریچر کے سلسلہ میں قرآن کریم کے تراجم کا ذکر فرمایا اور دیگر کتب کا بھی۔ مساجد اور سکولوں کی تعمیر۔ مزید مبلغین کی تیاری اور نئے مشنوں کے کھولنے کے پروگرام یہ سبھی کچھ حضور نے ایک ایسے رنگ میں پیش فرمایا کہ دلوں میں نئے عزم نئے ولولے کروٹیں لینے لگے۔ حضور نے فرمایا سب سے پہلے تو میں ان مشنوں کو دوبارہ کھولنا چاہتا ہوں جو کسی وقت حضرت مصلح الموعود رضی اللہ عنہ نے کھولے تھے لیکن جنگ کی وجہ سے یا کسی اور ایسی وجہ سے جو ہمارے قابو سے باہر تھی بند کرنے پڑے تھے۔ حضور نے فرمایا میں اسے اپنا فرض سمجھتا ہوں کہ ان مشنوں کی طرف پوری اور فوری توجہ دوں اور حضور نے جماعت کے احباب سے اس سلسلہ میں اور تحریکِ جدید کے دیگر پروگراموں کے سلسلہ میں بھی ہر رنگ کی مدد کی امید کا اظہار فرمایا۔ احباب جماعت نے فوری طور پر آوازِ بلند یہ کہہ کر "ہم حضور کے ساتھ ہیں" حضور کو اپنی خدمات کا یقین دلایا۔

قرآن کریم کے تراجم کے سلسلہ میں حضور نے فرمایا کہ جن زبانوں میں ترجمہ ہو چکا ہے اور نظر ثانی ہو رہی ہے۔ ان کو جلد از جلد چھپوانے کی کوشش کی جائے گی۔ مزید مبلغین کی تیاری کے سلسلہ میں حضور نے فرمایا کہ جو احباب ریٹائر ہو چکے ہیں یا ریٹائر ہونے والے ہیں۔ ان کو چاہیئے کہ اپنے آپ کو خدمتِ دین کے لئے وقف کریں۔ ایسے احباب کے لئے حضور نے فرمایا کہ زیادہ سے زیادہ چھ ماہ کی تعلیم و تربیت درکار ہوگی اس کے بعد ان کو تبلیغ کے کام پر لگایا جا سکے گا۔

اس خطاب کے بعد ہر شخص نے اپنے دل میں ایک نیا عزم اور ایک نیا ولولہ پایا۔ حقیقت یہ ہے کہ جیسا کہ بعض پیشگوئیوں سے ظاہر ہوتا ہے اب اسلام کی فتوحات کا زمانہ آگیا ہے۔ اب ہم میں سے ہر شخص کو ایک نئے عزم اور ایک نئے ولولہ کے ساتھ خدمتِ اسلام کے لئے اپنی زندگیوں کو وقف کر دینا ہوگا۔ اللہ تعالےٰ ہم سب کو توفیق دے آمین۔

تبلیغِ اسلام

تحریکِ جدید کے مشنوں کے ذریعہ اسلام اپنی کھوئی ہوئی عظمت حاصل کر رہا ہے اور ادیانِ باطلہ پر زمین تنگ ہو رہی ہے

Digitized by Khilafat Library Rabwah

تحریکِ جدید کے ذریعہ اللہ تعالیٰ کے فضل و احسان سے دنیا بھر میں اشاعتِ اسلام ہو رہی ہے۔ ادیانِ باطلہ کے بطلان کے سلسلہ میں سب سے زیادہ عیسائیت کو شکست ہو رہی ہے اور مسیحی دنیا کے بڑے بڑے پادریوں کے بیانات میں کھلم کھلا اس بات کا اعتراف پایا جاتا ہے کہ اسلام عیسائیت کو پسپا کر رہا ہے اور خود اس کی جگہ لے رہا ہے۔ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی بعثت کی غرض ہی یہ تھی کہ ادیانِ باطلہ خصوصاً عیسائیت کے طلسم کو پاش پاش کیا جائے اور اسلام کو ایک دفعہ پھر دنیا میں غالب کر دیا جائے۔ کیونکہ جس قدر مصائب دنیا کو پیش آ رہے ہیں ان کا صحیح اور مفید مطلب حل صرف اور صرف اسلام ہی کے ذریعہ ممکن ہے۔

حضرت المصلح الموعود رضی اللہ عنہ کی جاری کردہ تحریکِ جدید کے ذریعہ حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی بعثت کا مقصد تمام بیرونی ممالک میں پورا ہو رہا ہے۔ ہالینڈ سے آمدہ اطلاع کے مطابق وہاں ایک اہم شہر آرنم (ARNHEM) میں ماہ اکتوبر کے آخری ہفتہ میں ایک شاندار بین المذاہب کانفرنس منعقد ہوئی جس میں اسلام عیسائیت۔ بدھ ازم۔ صوفی تحریک۔ بہائی خود ہیومنسٹ (VEGETARIAN) اور وہ لوگ جو اپنے آپ کی طرف سے دو نمائندے شریکِ مجلس تھے۔ ان میں سے ایک کے ذمہ اپنے مذہب کی نمائندگی میں اس کی تعلیم پر تقریر کرنا تھا اور دوسرے کے ذمہ اس لیکچر پر ہونے والے اعتراضات کا جواب دینا تھا۔

اس سلسلہ میں ہمارے مبلغ انچارج ہالینڈ کو بھی دعوت نامہ ملا۔ یہ بات بھی دلچسپی کا باعث ہے کہ اس مجلس کا انعقاد خلافِ معمول کیتھولک عیسائیوں کی طرف سے کیا گیا تھا۔ خلافِ معمول اس لئے کہ کیتھولک عیسائی دوسرے مذاہب کے خیالات سننے سے ہمیشہ گریز کرتے ہیں بلکہ نہایت تعصب کا اظہار کرتے ہیں۔

یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ عیسائیوں کے کیتھولک فرقہ میں یہ تبدیلی یقیناً جماعت احمدیہ کے مبلغین کے کام کا ایک دلچسپ اور مفید نتیجہ ہے۔ ہمارے مبلغین نے ہر ملک میں اور ہر جگہ جا کر ادیانِ باطلہ کو للکارا ہے اور اس بات پر مجبور کر دیا ہے کہ وہ میدان میں آ کر

Digitized by Khilafat Library Rabwah

دوسروں کے خیالات کو بھی سنیں اور اپنے معتقدین کو مذاہب کو پرکھنے کا موقعہ دیں۔

اس کانفرنس میں سب سے پہلے اسلام پر تقریر کی گئی تھی اور سب سے آخر پر عیسائیت کے موضوع پر۔

جس عمارت میں کانفرنس کا منعقد ہونا قرار پایا تھا۔ اس کے ایک ہال میں مختلف مذاہب سے متعلق لٹریچر کو بھی نمایاں طور پر حاضرین کے ازدیاد علم کے لئے رکھا ہوا تھا۔ چنانچہ ہمارا اڈچ زبان میں شائع ہونے والا رسالہ بھی رکھا ہوا تھا۔ اور اس کے سرورق پر "ان الدین عند اللہ الاسلام" کے الفاظ حق و صداقت کی طرف لوگوں کو دعوت دے رہے تھے۔

ہمارے مبلغ انچارج مکرم حافظ قدرت اللہ صاحب نے اپنی تقریر کے دوران نہ صرف اسلام کے مثبت پہلوؤں پر روشنی ڈالی بلکہ ہر طرح سے ان غلط خیالات کی تردید بھی کی۔ جو غیر مسلم علماء کی طرف سے اسلام پر کئے جاتے ہیں۔ اسی طرح آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے وجود باجود کا تفصیلی ذکر کر کے ان تمام اعتراضات کا رد کیا جو حضور کی ذات والا صفات پر کئے جاتے ہیں اور پھر قرآن کریم اور بائیبل کا مقابلہ کر کے اس فرق کو واضح کیا گیا۔ جو ان دو کتب میں پایا جاتا ہے۔

تقریر کے اختتام پر وقفہ سوالات تھا۔ صدر صاحب حاضرین کی توجہ اس بات کی طرف مبذول کروا رہے تھے کہ اب سوال کئے جا سکتے ہیں۔ لیکن حاضرین اسلام کی حقانیت سے اتنے متاثر تھے کہ وہ مبہوت ہوئے بیٹھے تھے۔ یہ خاموشی اتنی نمایاں تھی کہ ہمارے ایک احمدی بھائی (ڈچ) کو ازراہ مزاح یہ کہنا پڑا۔ کہ معلوم ہوتا ہے کہ تقریر اس قدر واضح اور مدلل تھی کہ اب کسی کو کوئی سوال کرنے کی ضرورت ہی محسوس نہیں ہوتی۔

یہ محض اللہ تعالیٰ کا فضل ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ان بین المذاہب کانفرنس میں ایسی نمایاں کامیابی عطا فرمائی یہ بات بھی یقیناً قارئین کی دلچسپی کا باعث ہوگی کہ اس کے چند ہی روز بعد ایک سعید روح کو ملقہ بگوش اسلام ہونے کی توفیق ملی۔

نائیجیریا کا مشن اللہ تعالیٰ کے فضل سے ان مشنوں میں سے ہے جنہیں تبلیغ اسلام کے لئے جدید سے جدید تر سہولتیں میسر ہیں۔ مثلاً ریڈیو پر تقاریر کا موقعہ۔ اور اس سے بڑھ کر یہ کہ ہر چھٹے ماہ مشن کی کارگزاری کو ریڈیو پر براڈکاسٹ کرنے کا موقعہ ملتا ہے اس دوسرے پروگرام کا نام ہے "مسلم ڈائری"۔ آجکل نائیجیریا جماعت کے سیکرٹری (جو ایک زمانہ میں واقف زندگی رہی ہیں) ریڈیو پر مسلم ڈائری کے پروگرام میں اپنی جماعت کی کارگزاری پیش کرتے ہیں۔ چنانچہ اس سال ۲۴ فروری اور ۲۵ اگست کو مسلم ڈائری کے سلسلہ میں جو تقاریر مکرم سیکرٹری صاحب نے براڈکاسٹ کیں۔ ان کے متن ہمیں موصول ہوئے ہیں۔ ان تقاریر میں سکولوں کے کام اور تبلیغ و تربیت کے سلسلہ میں اہم مساعی کا ذکر ہے۔ مکرم الحاج نصیر الدین احمد صاحب مبلغ انچارج کے دورۂ شمالی نائیجیریا کا بھی ذکر ہے اس دورے کے دوران مکرم نصیر الدین احمد صاحب نائیجیریا کے وزیر اعظم، شمالی علاقے کے گورنر اور وزیر اعلیٰ اور وہاں کی شرعی عدالت کے چیف جسٹس سے بھی ملے۔

Digitized by Khilafat Library Rabwah

یہ ریڈیو پروگرام اللہ تعالیٰ کے فضل سے تبلیغ کا ایک نہایت ہی مفید اور مؤثر ذریعہ ہیں۔ یہ بات بھی باعث مسرت ہے کہ یہ پروگرام ایک نائیجرین احمدی کی طرف سے پیش کیا جاتا ہے۔

گزشتہ ایام میں غانا میں افریقن اتحاد (O.A.U) کی مجلس نے ایک سمٹ کانفرنس منعقد کی تھی جس میں افریقہ کے مختلف حصوں سے نمائندوں نے شرکت کی۔ موجودہ دور میں افریقہ کی نئی آزاد شدہ مملکتوں کو ایک خاص اہمیت حاصل ہے۔ نہایت سرعت کے ساتھ یہ ملک ترقی کی راہ پر گامزن ہیں اور دنیا کی سیاست کا پانسہ پلٹنے میں ان کا بہت بڑا ہاتھ ہے۔ اس کانفرنس کے موقعہ پر ہمارے غانا کے مشن نے مختلف طریقوں سے عالمگیر سیاست کے سلسلہ میں اسلامی تعلیم کو پیش کیا۔ کبھی علماء دین کانفرنس سے خطاب کے ذریعہ اور کبھی مناسب لٹریچر کی تقسیم کے ذریعہ۔ ہمارا ایک جماعتی وفد صدر زمبیلے سے ملا اور اسی طرح گیمبیا کے وزیر اعظم سے بھی ملاقات کی۔

یہ بات دلچسپی کا باعث ہے کہ جب حبشہ کے سفیر نے شہنشاہ حبشہ کے لئے قرآن کریم اور دیگر کتب کا سیٹ وصول کیا تو اس امر کی خواہش کی کہ قرآن کریم کا ایک نسخہ ان کو بھی دیا جائے۔ چنانچہ اس کا انتظام کر دیا گیا۔ یہ محض اللہ تعالیٰ کا ہی فضل ہے کہ وہ از خود ہی تبلیغ کی دست کے سامان پیدا کر دیتا ہے۔

یہاں اس بات کا ذکر کر دینا بھی ضروری معلوم ہوتا ہے کہ جہاں جہاں سے ہمارے اخبارات شائع ہوتے ہیں وہاں اللہ تعالیٰ کے فضل سے ہمیں اپنا پیغام پہنچانے میں بہت زیادہ آسانیاں میسر آگئی ہیں۔ غانا سے بھی گائڈنس اخبار شائع ہوتا ہے۔ اس کانفرنس کے موقعہ پر اس اخبار کے ذریعہ اتحاد کے بارے میں اسلامی تعلیم کو پیش کیا گیا اور اس اخبار کی خوب اشاعت کی گئی۔ کون جانے ہمارے خیالات کہاں اور کس کے دل میں گھر کر جائیں۔

جیسا کہ قارئین کرام جانتے ہیں کہ اب بیرونی ممالک میں صرف پاکستانی مبلغ ہی فریضۂ تبلیغ سرانجام نہیں دیتے۔ بلکہ لوکل احمدی بھی ان کے دوش بدوش خدمت اسلام میں مصروف ہیں۔ غانا میں لوکل مبلغین کے لئے حال ہی میں ایک ریفریشر کورس کا انتظام کیا گیا تھا۔ جسے مولوی سید داؤد احمد صاحب نے نہایت محنت سے مفید بنانے کی کوشش کی جملہ لوکل مبلغین ایسے مواقع سے پورا پورا فائدہ اٹھانے کی کوشش کرتے ہیں۔ تبلیغ کے دوران جو مشکلات پیش آتی ہیں۔ یہ ریفریشر کورس ان کے حل کا نہایت مناسب موقعہ ہوتا ہے۔

آئیوری کوسٹ کا مشن کھلے ابھی کچھ بہت عرصہ نہیں ہوا لیکن اللہ تعالیٰ کے فضل سے یہاں ہمیں نمایاں کامیابی حاصل ہو رہی ہے اور نہ صرف آئیوری کوسٹ کے باشندے بلکہ دیگر فرانسیسی زبان بولنے والے ممالک کے باشندے بھی اس مشن کے ذریعہ حلقہ بگوش اسلام ہو رہے ہیں۔ مثلاً ماری تانیا سینگال۔ مالی۔ گنی۔ اپر وولٹا اور نائیجیریا سے کئی دوست بیعت کر کے سلسلہ میں داخل ہو چکے ہیں۔

ہمارے مبلغ انچارج قریشی محمد افضل صاحب گورنمنٹ کے پانچ سیکنڈری سکولوں میں مسلمان طلباء کو اسلامی تعلیم پر ہفتے لیکچر دیتے ہیں۔ ان طلباء کو اسلامی کتب بھی مہیا کی جاتی ہیں

حضرت المصلح الموعود رضی اللہ عنہ کے وصال پر

اکنافِ عالم سے تعزیتی پیغامات

Digitized by Khilafat Library Rabwah

دنیا کے ہر حلقہ میں حضورؓ کی وفات کو ایک عظیم سانحہ سمجھا گیا ہے اور ہر طبقہ نے اسے دلی درد کے ساتھ محسوس کیا ہے۔

حضرت المصلح الموعود خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ عنہ کے وصال پر دنیا کے کونے کونے سے تعزیت کے پیغامات موصول ہوئے ہیں۔ نہ صرف احمدیہ جماعتوں نے بحیثیت مجموعی اپنے رنج و غم کا اظہار کیا ہے بلکہ مختلف احباب نے انفرادی طور پر بھی تعزیت کے پیغام بھیجے ہیں اور اپنے آپ کو خاندان حضرت مسیح موعود علیہ السلام اور باقی جماعت کے اس غم میں برابر کا شریک ٹھہرایا ہے۔ غیر از جماعت دوستوں نے بھی اس سانحۂ ارتحال پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔ حتیٰ کہ عیسائیوں کے ایک طبقہ نے بھی اس خلا کو شدت کے ساتھ محسوس کیا ہے جو حضرت المصلح الموعود رضی اللہ عنہ کے وصال سے پیدا ہو گیا ہے۔ ان عیسائیوں میں نہ صرف عوام بلکہ پادری اور حکومتوں کے سربراہ بھی شامل ہیں۔ مثلاً لائبیریا کے صدر مملکت ولیم ٹب مین صاحب نے ہمارے لائبریا مشن کے انچارج کے ساتھ اظہارِ ہمدردی کرتے ہوئے لکھا:

"میں نے ابھی ابھی حضرت محمود احمد صاحب جماعت احمدیہ کے سربراہ کی وفات کے متعلق پڑھا۔ میں جماعت احمدیہ لائبیریا کو دلی تعزیت پیش کرتا ہوں اور ان کے روحانی سربراہ کی وفات پر گہری ہمدردی کا اظہار کرتا ہوں۔ مہربانی کر کے میرے ان جذبات کو اپنے مرکز تک بھی پہنچا دیں"۔

ملکی اور غیر ملکی اخبارات نے حضور کے وصال کی خبر کو چھاپا اور حضور کی خدمات کا خاص طور پر ذکر کیا۔ پاکستان ریڈیو اور بعض دیگر ممالک کے ریڈیو سٹیشنوں نے اس خبر کو نشر کیا۔ اور اس طرح حضور کے وصال کے بعد چند لمحوں کے اندر اندر ساری دنیا میں یہ خبر پہنچ گئی۔

پاکستان کے صدر مملکت فیلڈ مارشل محمد ایوب خاں نے اپنے پیغام میں کہا:

"مرزا بشیر الدین محمود احمد صاحب کی افسوسناک وفات کی خبر سنکر مجھے صدمہ ہوا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کی روح پر سکینت نازل فرمائے اور آپ کو اور آپ کے افرادِ خاندان کو اور جناب مرزا صاحب مرحوم کے متبعین کو یہ صدمہ

Digitized by Khilafat Library Rabwah

برداشت کرنے کی ہمت عطا فرمائے۔"

"لائنز انٹرنیشنل" کے زون چیئرمین جناب محمد ارشاد خان صاحب نے اپنے تعزیتی خط میں لکھا:۔

"حضرت امام جماعت احمدیہ (خدا تعالیٰ ان کی مقدس روح پر کروڑوں رحمتیں اور اربوں نفضل نازل فرمائے) آسمانِ انسانیت کے وہ درخشندہ و تابندہ قمر تھے کہ جن کے بغیر آج انسانیت تہی داماں و سربگریباں ہو کے رہ گئی ہے۔"

مندرجہ ذیل مشنوں کی طرف سے تعزیت کے ریزولیوشن یا ان کے مبلغین انچارج کی طرف سے جماعت کی نمائندگی میں تار یا خطوط موصول ہوئے ہیں۔

• سوئٹزرلینڈ • جرمنی • سکنڈے نیویا • انگلستان • ہالینڈ • سپین • امریکہ کے مندرجہ ذیل مشن (واشنگٹن • ڈیٹن • نیویارک • ڈیٹرائٹ) • برٹش گی آنا • فجی • سنگاپور • دارالسلام • نیروبی • آئیوری کوسٹ • نائیجیریا • غانا • لائبیریا • سیرالیون • گیمبیا • سیلون • رنگون • دمشق • جدہ • جنوبی افریقہ

مکرم و محترم صاحبزادہ مرزا مبارک احمد صاحب کی طرف سے ان تمام جماعتوں کو اور افراد کو بھی جن کی طرف سے الگ الگ تعزیتی پیغام موصول ہوئے تھے جواب بھجوا دیئے گئے ہیں۔

ماہنامہ تحریک جدید کا سٹاف ہر اس ایڈیٹوریل اور ہر اس اخبار کا جس نے حضرت المصلح الموعود رضی اللہ عنہ کی خبر کو شائع کیا ہے تہ دل سے ممنون ہے اور دعا کرتا ہے کہ اللہ تعالیٰ انہیں اس کی نیک جزا عطا فرمائے۔ پاکستان ریڈیو خاص طور پر ہماری ممنونیت کا مستحق ہے۔ کیونکہ اسی کی وجہ سے نہ صرف پاکستان کے ہر حصہ میں بلکہ بعض دیگر ممالک میں بھی حضور پُر نور کے وصال کی خبر بلا تاخیر پہنچ گئی۔

دی لائٹ لاہور نے جو کہ احمدیہ انجمن اشاعت اسلام لاہور کا ہفتہ وار انگریزی اخبار ہے اپنے ادارتی کالموں میں حضرت مصلح موعود رضی اللہ عنہ کے وصال کی خبر کو نمایاں طور پر شائع کیا اور لکھا کہ

"حضور پُر نور کی زندگی دور رس نتائج کی حامل بے شمار عظیم الشان کارناموں اور مہمات سے لبریز تھی اور کہ گزشتہ نصف صدی کے دوران دینی علم و فضل سے لیکر تبلیغ و اشاعت اسلام کے نظام تک اور مزید برآں سیاسی قیادت تک فکر و عمل کا مشکل ہی کوئی ایسا شعبہ ہوگا جس پر مرحوم نے اپنے مغز دانہ اثر کا گہرا نقش نہ چھوڑا ہو۔"

دیر لائٹ نے مزید لکھا کہ۔

"حالیہ زمانہ میں مشکل ہی انسانوں کا کوئی ایسا لیڈر ہوا ہوگا جو اپنے متبعین کی اتنی پُرجوش محبت اور جاں نثاری کا مستحق ثابت ہوا ہو جو جماعت احمدیہ کی تاریخ میں مرزا صاحب کا نام ایک ایسے عظیم معمار قوم کے طور پر زندہ رہیگا جس نے شدید مشکلات کے باوجود ایک متحد و مربوط جماعت قائم کر دکھائی اور اسے ایک ایسی قوت بنا ڈالا کہ جسے نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔"

اے حضرتِ ناصر ناصرِ دیں اللہ ترا غمخوار رہے

Digitized by Khilafat Library Rabwah

عرفانِ الٰہی کی مے سے سرمست رہے سرشار رہے
اس ہشیاروں کی دنیا میں ہشیاروں سے ہشیار رہے
بیداری تو بیداری ہے تو نیند میں بھی بیدار رہے
ہر ایک کس و ناکس کی تو دلداری پر تیار رہے
اے حضرتِ ناصر ناصرِ دیں اللہ ترا غمخوار رہے

ہر بات تری ہو درسِ وفا ہر کام ترا پیغامِ عمل
تو رب کا سہارا بن کے رہے گرتے ہوئے جائیں تجھ سے سنبھل
دل تجھ سے سکوں پا جائیں گے قانونِ خداوندی ہے اٹل
تو نقشِ جمالِ طور بنے آئینۂ حسنِ یار رہے
اے حضرتِ ناصر ناصرِ دیں اللہ ترا غمخوار رہے

یہ گردشِ صبح و شام ہے کیا زندوں کو اس سے کام ہے کیا
میخوار جو تیری محفل میں پیتے ہیں اس کا نام ہے کیا
جو اہلِ نظر کو ملتا ہے مجھ کو بھی دکھا وہ جام ہے کیا
کم نوش ہوں میں کم نوش سہی مجھ پر نگہِ ہشیار رہے
اے حضرتِ ناصر ناصرِ دیں اللہ ترا غمخوار رہے

Digitized by Khilafat Library Rabwah

ہر ملک میں ہر اک خطے میں پیغامِ محمدؐ لے جائیں
خدام ترے ہر کونے میں اسلام کے جھنڈے لہرائیں
انوارِ حقیقت کی ضو سے باطل کے پیروشرمائیں

ترجیح کی خاطر جاری یہ ہنگامۂ گیرودار رہے
اے حضرتِ ناصر، ناصرِ دیں، اللہ ترا غمخوار رہے

ہر دل میں فروزاں ہوں شمعیں ایمان بھرے نظاروں کی
اخلاص کے چہرے پر ہر دم جھلکے رونق گلزاروں کی
جلووں سے بوجھل نظروں میں تصویر ہو چاند ستاروں کی

ہو قافلۂ ایثار و وفا اور تُو اس کا سالار رہے
اے حضرتِ ناصر، ناصرِ دیں، اللہ ترا غمخوار رہے

باطل کے مقابل پر تیرے پیغام رساں یوں ڈٹ جائیں
انوار کی بارش ہو جائے ظلمات کے بادل چھٹ جائیں
بے کیف اندھیروں کے پردے امیدِ سحر سے پھٹ جائیں

قرآن کی راہ نمائی میں تو نیکی کا معیار رہے
اے حضرتِ ناصر، ناصرِ دیں، اللہ ترا غمخوار رہے

وہ قلب و نظر کس کام کے ہیں جو وقفِ نگاہِ یار نہیں
اس روح کو ہم کیوں روح کہیں جو عشق سے نغمہ بار نہیں
سب کچھ ہی میسّر ہے مجھ کو بس اور تو کچھ درکار نہیں

دربارِ خلافت میں ہر دم یہ شاعرِ خوش گفتار رہے
اے حضرتِ ناصر، ناصرِ دیں، اللہ ترا غمخوار رہے

نسیم سیفی

Digitized by Khilafat Library Rabwah

بادشاہ تیرے کپڑوں سے برکت ڈھونڈینگے

(الہام حضرت مسیح موعود علیہ السلام)

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث ایدہ اللہ بنصرہ العزیز نے اپنی اختتامی تقریر کے دوران احباب جماعت کو اللہ تعالیٰ کے بے شمار فضلوں کی طرف توجہ دلاتے ہوئے یہ عظیم الشان خوشخبری بھی سنائی کہ گیمبیا کی احمدیہ جماعت کے صدر صاحب الحاج الیف ایم سنگھاتے کو اللہ تعالیٰ نے یہ اعزاز عطا فرمایا ہے کہ آپ وہاں کے پہلے گیمبین ہیں جو وہاں کے ایکٹنگ گورنر جنرل مقرر ہوئے ہیں۔ یہ بات اور بھی ازدیادِ ایمان کا باعث ہے کہ اس تقرری کے لئے چار نام پیش کئے گئے تھے اور جب یہ چار نام پیش ہوئے تھے تو مکرم سنگھاتے صاحب نے وکالت تبشیر کو لکھا تھا کہ احباب جماعت ان کی کامیابی کے لئے دعا فرمائیں چنانچہ اللہ تعالیٰ نے ان دعاؤں کو قبول فرمایا اور پیش کردہ چار افراد میں سے مکرم سنگھاتے صاحب کو گورنر جنرل شپ کے لئے مقرر کیا گیا۔ یہ اللہ تعالیٰ کا اتنا بڑا فضل ہے کہ ہم جس قدر بھی اس کا شکر بجالائیں کم ہے۔

حضرت مسیح موعود علیہ السلام کا یہ الہام کہ

"بادشاہ تیرے کپڑوں سے برکت ڈھونڈینگے"

مغربی افریقہ میں اپنی پوری شان کے ساتھ پورا ہوا ہے اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ دنیا کے دوسرے حصوں میں بھی جلد از جلد ایسے حالات پیدا ہو جائیں کہ حقیقی اسلام ادیانِ باطلہ پر غالب آجائے اور وہاں کے بادشاہ (جو کہ آجکل گورنر جنرل یا صدر مملکت ہوتے ہیں) حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے ذریعہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی غلامی اختیار کرلیں اور حضرت مسیح موعود علیہ السلام کے احسانوں کے پیش نظر حضور کے کپڑوں سے برکت ڈھونڈیں۔

اے خدا تو ایسا ہی کر آمین۔

یہ بات قارئین کرام کی خاص دلچسپی کا باعث ہوگی کہ سارے افریقہ میں صرف گیمبیا ہی میں مشن کھولنے میں دقتیں درپیش تھیں عیسائی حکومت نے مختلف حیلوں بہانوں سے ہمارے مشن کے کھولنے میں روکاوٹیں ڈالیں بعض اوقات تو اجازت نہ دینے کی وجہ یہ بیان کی گئی کہ یہاں پہلے ہی بہت سے مشن موجود ہیں اس لئے مزید کسی مشن کے کھولنے کی گنجائش نہیں ہے۔ حتیٰ کہ ایک دفعہ جب راقم الحروف نے (نسیم سیفی) جو اس سلسلہ میں حکومت گیمبیا سے خط و کتابت کر رہا تھا یہ اجازت چاہی کہ صرف تین ماہ کے لئے گیمبیا میں داخلہ اور قیام کا موقعہ دے دیا جائے تو حکومت نے یہ بات بھی منظور نہ کی۔ مشن کھولنے کے سلسلہ میں حالات مایوس کن نظر آتے تھے۔ لیکن یہ اللہ تعالیٰ ہی کا کام ہے اور اسی نے کرنا ہے اس نے خود ہی حالات بدل دیئے اور وہاں مشن کھل گیا اور اس مشن کو ایسی برکت دی کہ وہاں کی جماعت کے صدر صاحب کو ایکٹنگ گورنر جنرل کا

درِ حبیب پہ دنیا کشاں کشاں پہنچی

Digitized by Khilafat Library Rabwah

کہاں کہاں سے چلی لے کے نذرِ جاں پہنچی
درِ حبیب پہ دُنیا، کشاں کشاں پہنچی

بنامِ ابنِ مسیحِ محمدی - آئی
بفیضِ امرِ مسیحائے دوجہاں پہنچی

یہ آبجوئے غلامِ محمدِ عربی
ہے کیوں بمرتبۂ بحرِ بیکراں پہنچی؟

وہیں وہیں سے اذانوں کی گونج اٹھی ہے
یہ خاکِ پائے مسیحا جہاں جہاں پہنچی

رقم ہے، مہر و مہ و کہکشاں پہ نام ترا
مری وفا کی حکایت، کہاں کہاں پہنچی

ہمارے دل سے نہ یوں کھیلئے۔ حذر کیجے
ہماری آہ اگر تا بہ آسماں پہنچی؟

بدر زیدی

Digitized by Khilafat Library Rabwah

اشتہارات؟

• تحریکِ جدید کے اغراض و مقاصد میں سے ایک غرض یہ بھی ہے کہ جماعت کو اقتصادی استحکام حاصل ہو اور اس کے نتیجہ میں اسلام کے لئے جماعت زیادہ سے زیادہ قربانیاں پیش کر سکے۔

• تاجر پیشہ اصحاب کے اقتصادی استحکام میں اشتہارات کو بہت بڑا دخل حاصل ہے۔ ماہنامہ تحریکِ جدید میں اشتہارات چھاپنے کی ایک اہم غرض یہ بھی ہے کہ آپ کی تجارت کو فروغ ہو اور آپ مزید آمد پیدا کر کے بیش از پیش دینی خدمات سرانجام دے سکیں۔ پس جن احباب کے اشتہارات ماہنامہ تحریکِ جدید میں چھپتے ہیں انہیں یہ امر مدِ نظر رکھنا چاہیئے۔

(مینجنگ ایڈیٹر ماہنامہ تحریکِ جدید ربوہ)

عطارانِ مشرق رجسٹرڈ ربوہ

کے

مایۂ ناز تحفے

(۱) روغن سرسوں پچی گھانی (خوشبودار سو فیصدی خالص)
ایک روپیہ چھ آنے

(۲) روغنِ آملہ ایک روپیہ دس آنے

(۳) خورشید ہیر آئل (متعدد جڑی بوٹیوں سے تیار کردہ)
اڑھائی روپے

مفرح محت اجزا کی آمیزش سے بالکل پاک۔ مکمل گارنٹی کے ساتھ
سٹاکسٹ:-

• خورشید یونانی دواخانہ رجسٹرڈ ربوہ
• نوید جنرل سٹور ربوہ

تبلیغی ماہنامہ الفرقان ضرور خریدیں

حضرت مرزا بشیر احمد صاحب رضی اللہ عنہ نے تحریر فرمایا کہ:-

(الف) رسالہ الفرقان بہت عمدہ اور قابلِ قدر رسالہ ہے اور اس قابل ہے کہ اس کی اشاعت زیادہ سے زیادہ وسیع ہو کیونکہ اس میں تحقیقی اور علمی مضامین چھپتے ہیں اور قرآن کے فضائل اور محاسن پر بہت عمدہ طریق پر بحث کی جاتی ہے۔"

(ب) "مخیر اور مستطیع احمدی اصحاب کو یہ رسالہ نہ صرف زیادہ سے زیادہ تعداد میں خود خریدنا چاہیئے بلکہ اپنی طرف سے نیک دل اور سچائی کی تڑپ رکھنے والے غیر احمدی اور غیر مسلم اصحاب کے نام بھی جاری کرانا چاہیئے۔"

سالانہ چندہ ۶ روپے۔ مینجر الفرقان ربوہ

Digitized by Khilafat Library Rabwah

سرزمین قادیان کا اوّلین دواخانہ

جسے حضرت خلیفۃ المسیح اول رضؓ نے خود اپنے مبارک ہاتھوں سے قائم فرمایا

جو ۱۹۱۱ء سے آپ کی جملہ طبی ضروریات بہ احسن پوری کر رہا ہے۔

دوائی خاص	**حبِ مفید النساء**	**شہد زین**	**اولاد نرینہ**
زنانہ امراض کا واحد علاج	عورتوں کی جملہ بیماریوں کی دوا۔	خرابی جگر کمزوری جسم اور اٹھرا	سونی صدی مجرب دوا۔
قیمت دو اونس ۶ روپے	قیمت خوراک ایک ماہ ۳ روپے	کی دوا قیمت ۳۲ خوراک ۶ روپے	قیمت ۶۰ گولی ۱۴ روپے
حبِ اٹھرا حبرٹ	**حبِ مسان**	**زد جام عشق**	**تریاق خاص**
مرض اٹھرا کی مجرب دوا	سوکھے کی مجرب دوا۔	طاقت کی لاثانی دوا۔	نوجوانوں کی صحت کا نگہبان
مکمل کورس پونے چودہ روپے	فی شیشی دو روپے	قیمت ۶۰ گولی ۱۴ روپے	قیمت ۳ روپے

حکیم نظام جان اینڈ سنز چوک گھنٹہ گھر گوجرانوالہ

ہمدردِ نسواں

اسقاطِ حمل یا بچوں کا پیدا

ہو کر فوت ہو جانا اس کا مجرب

اور مفید علاج

قیمت مکمل کورس بیس ۲۰ روپے

ملنے کا پتہ:- دواخانہ خدمت خلق ربوہ

ھُوَالشَّافی

چند مفید اور مجرب نسخے

"بے بی ٹانک" بچوں کی کمزوری، سوکھا پن، مٹی کھانے کی عادت اور دانت نکالنے کی تکالیف کا کامیاب علاج ۳ روپے

"لیکورین" لیکوریا سیلان الرحم کے لئے اکسیر ہے۔ ۴ روپے

"سپیشل کورس" طاقت کی خاص دوا دس روپے

"ری جووی نیٹنگ کورس" سپیشل کورس سے بھی زیادہ طاقتور ۳۰ روپے

"پینز کیور" جوڑوں کی دردوں کا مکمل علاج دس روپے

ڈاکٹر راجہ ہومیو اینڈ کمپنی ربوہ

Digitized by Khilafat Library Rabwah

مفید اور مؤثر دوائیں

اعصابی دل و دماغ اور اعصاب کے لئے بہترین ٹانک۔ یہ گولیاں علمی اور دماغی کام کرنے والوں کے لئے بہت مفید ہیں۔ عصبی اور دماغی تھکاوٹ دور کر کے بشاشت پیدا کرتی ہیں اور قوتِ کارکردگی بڑھاتی ہیں۔ فی شیشی ۵۰ گولی ۳ روپے

انگزینا یہ گولیاں معدہ کو طاقت دیتی ہیں۔ نظامِ ہضم کی اصلاح کر کے توانائی بڑھاتی ہیں۔ جسم کی عام دردوں اور جوڑوں کی درد کو بہت مفید ہیں۔ قیمت فی شیشی دو روپے

سرمۂ خورشید بینائی بڑھاتا ہے۔ دھند، غبار۔ جالا۔ پھولا اور ککروں کو بہت بہت دور کرتا ہے۔ بہت لاجواب سرمہ ہے۔ چند دنوں میں حیرت انگیز فائدہ دیتا ہے۔ قیمت بارہ آنے

تریاقِ اٹھرا مرض اٹھرا کی کامیاب دوا مکمل کورس ۱۵ روپے۔

زدجامِ عشق قوتِ مردانہ کی شہرۂ آفاق دوا۔ مکمل کورس ۲۰ روپے

خورشید یونانی دواخانہ
گولبازار ربوہ

Digitized by Khilafat Library Rabwah

موٹاپا اور ڈاڈالین

موٹاپے کی وجوہات :-

• کثرت خوراک • مرغن غذائیں • مٹھائی کا زیادہ استعمال • آرام طلبی • ورزش نہ کرنا

نتائج :-

جسم بدنما اور بھدا ہو جاتا ہے۔ کھانا ہضم نہیں ہوتا۔ انسان بے حد سست ہو جاتا ہے۔ Blood Pressure زیادہ ہو جاتا ہے۔ دل کے مختلف اور مہلک عوارض لگ جاتے ہیں۔ علاوہ ازیں جگر بہت بُری طرح متاثر ہو جاتا ہے۔

ظاہر ہے کہ ایسی سینکڑوں بیماریوں کی جڑ سے جلد چھٹکارا حاصل کرنا ضروری ہو جاتا ہے چنانچہ اکثر اوقات غلط قسم کی ادویات کھانے سے جن سے عام طور پر بھوک اور نیند کا جسمانی نظام بہت بُری طرح متاثر ہوتا ہے انسان بجائے فائدہ حاصل کرنے کے مزید کئی قسم کی مہلک امراض خرید لیتا ہے

ڈاڈالین

جرمنی کی نہایت مقبول اور بے ضرر گولیاں جو ہر موسم میں مرد اور عورت یکساں طور پر استعمال کر سکتے ہیں۔ بہت جلد آپ کو اس بیماری سے نجات دے سکتی ہیں۔ ۷۵ گولیوں کی خوبصورت شیشی کی قیمت علاوہ محصول ڈاک ۱۲ روپے

تیار کردہ :- ایم - ویلم اشویگے۔ مغربی جرمنی

ایجنٹس برائے پاکستان :- **شفا میڈیکو چوک میو ہسپتال لاہور**